
اعتقادات امامیہ
توحید
عدالت
نبوت
امامت
قیامت
رجعت...
مکتبۃ السبطین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رسالہ شریفہ

اعتقاداتُ الامامیہ

فی

ترجمہ الرسالۃ اللیلیۃ

تصنیف و تالیف

فخر الاولین والآخرین رئیس المحدثین عالم ربانی حضرت علامہ محمد باقر المجلسی الاصفہانی اعلی اللہ مقامہ

SIBTAIN.COM

ترجمہ و تحشیہ

صدر المحققین علامہ شیخ محمد حسین نجفی صاحب قبلہ مجتہد العصر صدر موتمر علمائے شیعہ (رجسٹرڈ) پاکستان

تعریف و تقریظ

حجۃ الاسلام علامہ مفتی جعفر حسین صاحب قبلہ سربراہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ

تعارف و تقدیم

جناب مولانا سید حسین عارف صاحب نقوی ایم اے

طبع و نشر

مکتبۃ السبطین

۲۹۶/۹ ۔ بی، سیٹلائٹ ٹاؤن، سرگودھا

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : اعتقادات امامیہ فی ترجمہ الرسالۃ اللیلیۃ

تصنیف : علامہ محمد باقر المجلسی اعلی اللہ مقامہ

ترجمہ وتحشیہ : علامہ شیخ الحاج محمد حسین نجفی قبلہ مجتہد العصر

طبع ونشر : مکتبۃ السبطین ۲۹۶/۹۔بی سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا

سن اشاعت : ۲۰۰۶ء

کمپوزنگ : محمد نجفی

اشاعت : بار سوم

قیمت : ۴۰ روپے

فون نمبر : ۰۴۸_۳۲۱۷۱۲۱

SIBTAIN.COM

فيجيئه الملكان منكر و نكير في صورة مهيبة ان كان معذبا و مبشر و بشير في صورة حسنة ان كان من الابرار ليسألان عنه عن عقائده التي يعتقد من الائمة واحداً بعد واحد فان لم يجب عن واحد منهم يضربانه بعمود من نار يمتلئ قبره نارا الى يوم القيامة و ان اجاب يبشرانه بكرامة الله و يقولان له نم نومة العروس قرير العين

و اياك ان تأول هذين الملكين وسؤالهما فانه من ضروريات الدين و اياك ان تصغ الى تأويلات الملاحدة في جميع الملائكة بالعقول و النفوس الفلكية فانه قد

قبر میں نکیرین کی آمد:

اس وقت اگر مرنے والا بدکار اور عذاب کا سزاوار ہو تو اس کے پاس منکر و نکیر ہیبت ناک شکل و صورت میں اور نیکوکاروں میں سے ہو تو اس کے پاس مبشر و بشیر خوش آئند شکل و صورت میں آتے ہیں اور آکر اس سے اس کے تمام عقیدے کے بارے میں (بالعموم) اور اماموں کے متعلق (بالخصوص) بنام سوال کرتے ہیں، پس اگر کسی ایک امام کے متعلق بھی وہ صحیح جواب نہ دے تو اس کو ایک ایسا آتشیں گرز مارتے ہیں کہ اس کی قبر قیامت تک آگ سے بھر جاتی ہے اور اگر صحیح جواب دے تو اسے خدا کی عنایت و کرامت کی خوش خبری سناتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس طرح آرام و سکون کے ساتھ خنک چشم ہو کر سو جا جس طرح عروس حجلۂ عروسی میں سوتی ہے۔

ملائکہ کا مقدس تذکرہ:

خبردار! ان دو فرشتوں اور ان کے سوال و جواب کی کوئی تاویل نہ کرنا کیونکہ یہ عقیدہ (اپنی مذکورہ بالا ظاہری کیفیت کے ساتھ) ضروریات دین میں سے ہے، ملائکہ کے متعلق ملحدین نے جو تاویلات و توجیہات بیان کی ہیں کہ ان سے مراد عقول اور نفوس فلکیہ ہیں ان کی طرف کان نہ دھرو کیونکہ آیات متکاثرہ اور روایات متواترہ سے یہ